فون 99212639

دفتر ڈائریکٹر پریس سندھ پولیس

کمپیوٹرائز FIR کے اجراء پر جلد عمل درآمد کو یقینی بنایا جائے ۔ آئی جی سندھ اقبال محمود

ACLC/ہائی ویز پوسٹس کی بحالی کے عمل کو تیز کیا جائے ۔ آئی جی سندھ

کاروکاری کے واقعات کے انسداد کیلئے پولیس پیرو ایکٹو نظریہ کے تحت فرائض انجام دے۔ آئی جی سندھ

کراچی 25 جون 2016ء ۔ آئی جی سندھ اقبال محمود نے کہا ہے کہ صوبے کے تمام پولیس اسٹیشن میں FIR کمپیوٹرائز کے اجراء کے منصوبے پر عمل درآمد کیلئے یقینی اقدامات کیئے جائیں اور اس ضمن میں درپیش معاملات کو ہنگامی بنیادوں پر حل کیا جائے۔ انہوں نے یہ ہدایات سینٹرل پولیس آفس میں ایک اعلیٰ سطحی اجلاس کے دوران کیں۔ اجلاس کے موقع پر آئی جی سندھ نے ای پولیسنگ منصوبے کے دیگر حصوں پر عمل درآمد کی رفتار کا جائزہ لیا اور ہدایات دیں اس ضمن میں آئندہ دو روز میں جامع رپورٹ برائے ملاحظہ جمع کروائی جائے۔

اجلاس میں ڈی آئی جی ٹریننگ اظہر رشید نے بتایا کہ 800 سے زائد پولیس اہلکاروں کو کمپیوٹرائز FIR کے اندراج کے سلسلے میں باقاعدہ ٹریننگ فراہم کی گئی ہے۔ ڈائریکٹر انفارمیشن ٹیکنالوجی سندھ پولیس تبسم عابد نے بتایا کہ سندھ کے تمام تھانہ جات میں کمپیوٹرائز FIR کے سلسلے میں نیٹ ورکنگ کا کام مکمل کیا جا چکا ہے جبکہ چند ٹیکنیکل وجوہات کی بنا پر عمل درآمد میں رکاوٹ ہے جس پر ریجنل ڈی آئی جیز کے ساتھ مربوط روابط کے تحت تیزی سے کام جاری ہے۔

آئی جی سندھ نے اجلاس کے موقع پر ACLC کی چیک پوسٹس اور ہائی ویز پوسٹس کو فعال کرنے اور پولیس اہلکاروں کی تعیناتی کی پروگریس کا جائزہ لیا اس موقع پر آئی جی سندھ کو بتایا گیا کہ ہائی ویز پوسٹس پر تعیناتی کیلئے 235 پولیس اہلکاروں کی ضروری تربیت مکمل ہو چکی ہے اور جلد ہی پوسٹوں کے انفرا اسٹرکچر میں بہتری کے کام مکمل ہوتے ہی تعیناتی عمل میں لائی جائے گی۔

آئی جی سندھ نے صوبے میں کاروکاری کے واقعات پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے ہدایات دیں کہ پولیس ان معاملات کے حل کیلئے اپنا مثبت کردار ادا کرے اور کاروکاری کے قرار دیئے جانے والے افراد کے خاندانوں سے باقاعدہ بات چیت کرکے پیرو ایکٹو پولیسنگ کے تحت حل کرائیں۔ اجلاس کو بتایا گیا کہ رواں سال کاروکاری کے 20 واقعات رپورٹ ہوئے۔